# خبر نامہ

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

خوب سے خوب تر کی جانب گامزن

جنوری 2023ء





Times Higher Education

THE WORLD UNIVERSITY RANKINGS 2023

1st in Punjab

2nd in Pakistan

501-600 Worldwide

**Prof. Dr. Shahid Kamal**
Patron in Chief
Vice Chancellor

**Mr. Zeshan Ahmed Khan**
Chief Editor
Public Relation Officer

**Mr. Rizwan Ahmad**
Editor
Protocol Officer

**Mr. Hassan Mahmood**
Designing and Composing
Computer Programmer

شعبہ تعلقاتِ عامہ گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد

## جی سی یونیورسٹی اور فیصل آباد چیمبر آف کامرس کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد اور چیمبر آف کامرس فیصل آباد کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کی تقریب وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی کی زیر صدارت منعقد ہوئی۔ سینئر نائب صدر فیصل آباد چیمبر آف کامرس ڈاکٹر سجاد ارشد نے وفد کی قیادت کی ان کے ساتھ چیمبر آف کامرس کے دیگر ممبران بھی شریک تھے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال اور سئینر نائب صدر ڈاکٹر سجاد ارشد نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر عمیر ارشد باجوہ، ڈاکٹر سید افراز حسن گیلانی، ڈاکٹر عبدلراؤف بھٹی، ڈاکٹر محسن بشیر، ڈاکٹر رضوان شبیر، ڈاکٹر محمد مراد خان بھی موجود تھے۔ جی سی یونیورسٹی اور چیمبر آف کامرس کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت دونوں ادارے تحقیق، تعلیم اور پیشہ وارانہ مہارت میں ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کریں گے۔ چیمبر آف کامرس جی سی یونیورسٹی کے طلباء و طالبات کو مختلف انڈسٹریز میں انٹرن شپ کے مواقع فراہم کرے گا۔ دونوں اداروں کے درمیان مختلف موضوعات پر ورکشاپ اور سیمینارز کا اہتمام بھی کیا جائے گا۔ معاہدے کی رو سے چیمبر آف کامرس کے سینئر عہدیداران اور تجربہ کار بزنس مین جی سی یونیورسٹی کے کامرس اور بزنس کے شعبہ سے منسلک طلباء و طالبات کو کاروبار میں عملی تربیت اور اس کے مندرجات کے بارے میں آگاہی فراہم کریں گے۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کا کہنا تھا کہ ہماری کوشش ہے کہ طلباء و طالبات کو علم کے ساتھ ساتھ عملی طور پر بھی کاروبار کی طرف راغب کیا جائے تاکہ ہمارے طلباء فارغ التحصیل ہونے کے بعد انڈسٹریل سیکٹر میں کاروباری ذمہ داریاں احسن طریقے سے سر انجام دے سکیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ یونیورسٹی میں طلباء کو کاروباری رحجانات سے آگاہی کے حوالے سے ڈائریکٹوریٹ آف انڈسٹریل لینکیجز اور بزنس اینکوبیشن سنٹر قائم کیا گیا ہے جس کا مقصد طلباء کو کاروبار کے وسیع مواقع فراہم کرنا ہے۔



## ڈائریکٹر سپورٹس جی سی یونیورسٹی محمد رفیق واہلہ ریٹائر ہو گئے۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹر سپورٹس محمد رفیق واہلہ مدت ملازمت پوری ہونے کے بعد اپنے عہدے سے سبکدوش ہو گئے۔ انہوں نے گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کو جنوری 2009 میں بطور ڈائریکٹر سپورٹس جوائن کیا، ان کی خدمات پر ان کے اعزاز میں ایک پر وقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب سے خطاب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے محمد رفیق واہلہ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم ایک فرض شناس اور محنتی آفیسر سے محروم ہو رہے ہیں، سپورٹس کے فروغ اور ترقی کے لیے ان کی بے شمار خدمات ہیں۔ تقریب میں یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز، شعبہ جات کے چیئرپرسن اور سپورٹس سائنسز کے فیکلٹی ممبران نے شرکت کی۔





## کل پاکستان انٹر یونیورسٹی ہاکی چیمپئن شپ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد فاتح قرار

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس کے زیر اہتمام کل پاکستان انٹر یونیورسٹی ہاکی چیمپین شپ کا انعقاد کیا گیا جس میں پاکستان بھر سے ہاکی ٹیموں نے شرکت کی، ہائر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی طرف سے ہونے والے ان مقابلہ جات میں بہت سی جامعات کی ہاکی ٹیموں نے حصہ لیا، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد نے فائنل مقابلہ 2-0 اپنے نام کر لیا۔ جبکہ یونیورسٹی آف ایگری کلچر نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ پوزیشن ہولڈر کھلاڑیوں کے اعزاز میں ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال تھے۔ ان کے ساتھ چیئرمین سپورٹس بورڈ پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین، رجسٹرار ڈاکٹر ہدایت رسول، پبلک ریلیشن آفیسر ذیشان احمد خان، چیف سیکیورٹی آفیسر ڈاکٹر شیراز احمد ملک، چیئرمین اسٹیٹ کیئر ڈاکٹر ندیم صابر کے علاوہ شعبہ سپورٹس سائنسز کے چیئرمین اور فیکلٹی ممبران بھی شریک تھے۔ اس موقع پر وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال نے اپنے خطاب میں کہا کہ علم، امن کے فروغ، نوجوانوں کی کردار سازی اور سوسائٹی میں اعتدال پسند روایے لانے کے لیے اعلی تعلیمی ادارے، سپورٹس اور دیگر صحت مند ثقافتی سرگرمیوں کی سرپرستی کریں۔ انہوں نے کہا کہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی تعلیمی اقدار اور تربیت میں سپورٹس سرگرمیوں کو مرکزیت حاصل ہے۔ اس موقع پر چیئرمین سپورٹس بورڈ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کا کہنا تھا کہ ہمارے ہاں کھلاڑیوں کو قومی معیار کے گراؤنڈز اور دیگر سپورٹس سہولیات فراہم کی گئی ہیں اور کھلاڑیوں کے اندر چھپے ہوئے ٹیلنٹ کو نمایاں کرنے کے لیے سپورٹس بورڈ بھرپور توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی ادارے میں تسلی بخش تعلیمی نتائج سپورٹس سرگرمیوں کو نظر انداز کیے بغیر حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ انہوں نے اس موقع پر وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کا شکریہ ادا کیا جن کے خصوصی تعاون اور کوششوں سے چیمپین شپ کا انعقاد جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں ممکن ہو پایا ہے۔ تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے چیئرمین سپورٹس بورڈ پروفیسر ڈاکٹر ناصر امین کے ہمراہ پوزیشن ہولڈر کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے





## جی سی یونیورسٹی اور پٹرولنگ پولیس کے مابین ٹریفک قوانین کے حوالے سے آگاہی مہم جلد شروع کرنے پر اتفاق





گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ ڈائریکٹوریٹ آف سپورٹس اور ضلعی پٹرولنگ پولیس انتظامیہ کے تعاون سے یونیورسٹی طلباء و طالبات میں ٹریفک قوانین کی آگہی اور ٹریفک سگنل کے بارے میں معلوماتی سیشن کا انعقاد کروانے کے حوالے سے ایس ایس پی پٹرولنگ اینڈ ہائی وائے فیصل آباد انجم کمال مرزا اور ڈائریکٹر سپورٹس جی سی یونیورسٹی فیصل آباد ذیشان احمد خان کے مابین دو طرفہ ملاقات ہوئی۔ جس میں یونیورسٹی کے نوجوان طلباء و طالبات کو پاکستان کے ٹریفک قوانین، موٹر وائے اور ہائی وائے پر سگنل کے حوالے سے معلوماتی سیشن اور سیمینارز کروانے پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں طلباء کے ساتھ ٹریفک کے مسائل پہ انسانی رویوں، معاشرتی اقدار، قوانین اور انفراسٹرکچر کے تناظر میں بات چیت ہوئی۔ دونوں اداروں کے مابین باہمی روابط قائم کرنے کے لیے کھیلوں کے انعقاد کے حوالے سے بھی سرگرمیاں جلد شروع کی جائیں گی، جس کے لیے وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کی زیرنگرانی باہمی یادداشت پر دستخط کیے جائیں گے جس کے تحت پٹرولنگ اینڈ ہائی پولیس یونیورسٹی طلباء کے ساتھ کھیلوں کے علاوہ ٹریفک کے حوالے سے آگاہی فراہم کرے گی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کھیلوں کے میدان آباد کرنے اور طلباء کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کے خواہاں ہیں، ان کا مزید کہنا تھا کہ ٹریفک کے حادثات انسانی رویوں کے باعث پیش آتے ہیں اور ان رویوں کی تبدیلی تعلیمی اداروں کے ذریعے ہی ممکن ہو سکتی ہے۔ اس موقع پر ایس ایس پی پٹرولنگ پولیس انجم کمال مرزا کا کہنا تھا کہ پولیس بھی معاشرے کا ایک حصہ ہے اور شہریوں کے تعاون کے بغیر وہ قانون کی پاسداری نہیں کروا سکتی۔ انہوں نے کہا نوجوان طلباء کو بھی معاشرے میں اخلاقی اقدار کی ترویج کے لیے کام کرنا چاہئیے تاکہ پولیس کا بوجھ بانٹا جا سکے۔

## جی سی یونیورسٹی فیصل آباد میں لاء موک ٹرائل کے مقابلہ جات کا انعقاد

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے شعبہ قانون کے زیر اہتمام لاء موک ٹرائل مقابلہ جات 2023 اپنے اختتام کو جا پہنچے۔ فائنل مقابلہ کی جج اور مہمان خصوصی ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج راجہ شاہد ضمیر تھے۔ شعبہ قانون کی دونوں ٹیموں کے درمیان کریمنل ٹرائل پیش کیا گیا۔ جس میں طلباء طالبات نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ تقریب میں ممبران پنجاب بار کونسل چوہدری مشتاق، محمد فاروق ڈوگر، سیکرٹری بار کونسل رانا بابر خان، ڈین فیکلٹی آف آرٹس اینڈ سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود، چیئرمین لاء ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر محمد عامر منج، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر غلام مرتضی، فوکل پرسن فوزیہ نسیم اور سید نجم الحسن نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج فیصل آباد راجہ شاہد ضمیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ طلباء کے درمیان لاء موک مقابلہ جات کا انعقاد بہت اچھا اقدام ہے جس سے طلباء کو عملی کام سیکھنے کا موقع میسر آتا ہے، انہوں نے طلباء پر زور دیا کہ وہ قانون کے طالب علم کی حثیت سے اپنے اندر نظم وضبط اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں۔ چیئرمین شعبہ قانون ڈاکٹر محمد عامر منج نے کہا کہ ایسے مقابلہ جات  طلباء کے اندر موجود ٹیلنٹ کو نکھارتے ہیں جس سے ان کو بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملتا ہے۔ تقریب سے ممبران پنجاب بار کونسل، سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار فیصل آباد اور ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عاصم محمود نے بھی خطاب کیا۔ تقریب کے آخر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی ٹیموں کو اعزازی شیلڈز اور تعریفی اسناد سے بھی نوازا گیا۔











## وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد کمال کا یونیورسٹی میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ

وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے نیو کیمپس میں زیرِ تعمیر فلیٹس اور کھیلوں کے گراؤنڈز کا دورہ کیا اور ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر شاہد حسین نے منصوبہ کی تکمیل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ پروجیکٹ ڈائریکٹر نے بتایا کہ فیکلٹی ممبران اور یونیورسٹی سٹاف کے لیے دو بیڈ روم اور تین بیڈ روم پر مشتمل فلیٹس کی تعمیر اور ہاسٹلز وارڈنز کے لیے نئے گھروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر سپورٹس ذیشان احمد خان نے وائس چانسلر کو سپورٹس کمپلیکس اور کھیلوں کی گراؤنڈز کے حوالے سے جاری کاموں کے بارے میں آگاہ کیا۔ جھنگ روڈ پر واقع جی سی یونیورسٹی کے نیو کیمپس میں کرکٹ گراونڈ، فٹ بال گراونڈ، والی بال گراؤنڈز کا کام تیزی سے مکمل کیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے ترقیاتی کاموں پر اطمینان کا اظہار کیا اور ہدایات جاری کیں کہ ترقیاتی کام کو جلد از جلد مکمل کیا جائے تاکہ گراؤنڈز میں کھیلوں کے انعقاد کو ممکن بنایا جا سکے۔ پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اس موقع پر کہا کہ ترقیاتی کاموں کے معیار پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملازمین اپنی ذمہ داریاں ایمانداری سے سر انجام دیں اور مسائل کی نشاندہی کریں تاکہ کام میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جا سکے۔





# گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں دسویں کانووکیشن کی تقریب۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد کے نیو کیمپس قائد اعظم آڈیٹوریم میں دسویں کانووکیشن کا انعقاد کیا گیا جس میں گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال کے ہمراہ یونیورسٹی ڈینز، ڈائریکٹرز اور پرنسپل شریک تھے۔ تقریب میں ایسوسی ایٹ ڈگری، ماسٹرز ڈگری، ایل ایل بی اور بی ایس آنرز کے مختلف سیشنز کے 38262 طلباء و طالبات کو ڈگریز تفویض کی گئیں۔ تعلیمی میدان میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے پر 249 طلباء و طالبات جبکہ ہم نصابی سرگرمیوں میں 7 طلباء و طالبات کو گولڈ میڈل سے نوازا گیا۔ یونیورسٹی سے ریٹائر ہونے والے 8 فیکلٹی ممبران اور افسران سمیت سابق کنٹرولر امتحانات پروفیسر ڈاکٹر مظہر حیات کی بطور کنٹرولر امتحانات خدمات کے صلہ میں اعزازی سند سے نوازا گیا۔ کنٹرولر امتحانات راجہ شاہد جاوید، پروفیسر ڈاکٹر مظہر حیات اور ڈپٹی رجسٹرار ذیشان احمد خان نے کانووکیشن کی کاروائی کو آگے بڑھایا۔ اس موقع پر گورنر پنجاب محمد بلیغ الرحمان نے طلباء و طالبات کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور طلباء کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے میں یونیورسٹی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ میرے لیے قابل فخر بات ہے کہ جی سی یونیورسٹی فیصل آباد نے ورلڈ ٹائمز ہائر ایجوکیشن رینکنگ میں نہ صرف پنجاب میں پہلی پوزیشن حاصل کی بلکہ عالمی سطح پر بھی نمایاں مقام حاصل کیا۔ انہوں نے طلباء کو تلقین کی کہ سوشل میڈیا پر مثبت سرگرمیوں کا حصہ بنیں اور اپنے اندر لیڈر شپ پیدا کریں۔ چانسلر پنجاب نے اس موقع پر سیلاب زدگان کی مالی مدد فراہم کرنے پر وائس چانسلر اور یونیورسٹی انتظامیہ کی کاوشوں کو سراہا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد کمال نے اس موقع پر گورنر پنجاب کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور یونیورسٹی کی گزشتہ برسوں میں حاصل کردہ کامیابیوں اور ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یونیورسٹی میں جدید تحقیق و تدریس کی طرف بھرپور توجہ دی جا رہی ہے، اس ضمن میں اساتذہ طلباء ریشو کو کم سے کم سطح پر لانے کے لیے ریکارڈ سلیکشن بورڈ کروائے گئے ہیں جس کے ذریعے پروفیسرز، ایسوسی ایٹ پروفیسرز اور دیگر سٹاف کی میرٹ کی بنیاد پر تعیناتیاں کی گئی ہیں۔ جدید سہولیات سے آراستہ میڈیکل سنٹر، سپورٹس کمپلیکس، طالبات کے لیے نئے ہاسٹلز، چار نئے اکیڈمک بلاکس کی تعمیر کے ساتھ یونیورسٹی ملازمین کی فلاح و بہبود پر توجہ دی جا رہی ہے اس مقصد کے لیے یونیورسٹی میں پنشن فنڈ، انڈومنٹ فنڈ اور ریسرچ فنڈ قائم کیا گیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 2023 کی حالیہ رینکنگ میں 501-600 تک کی بہترین جامعات میں ہمارا شمار ہوتا ہے وہ دن دور نہیں جب ہم دنیا کی 400 سو بہترین جامعات میں شامل ہوں گے۔ کانووکیشن میں سینڈیکیٹ ممبران، مختلف یونیورسٹیز کے وائس چانسلرز سمیت ضلعی انتظامیہ کے افسران نے بھی شرکت کی۔



## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں دسویں کانووکیشن کی تصویری جھلکیاں





## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں دسویں کانووکیشن کی تصویری جھلکیاں

















## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد میں دسویں کانووکیشن کی تصویری جھلکیاں







